www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



عزیز زبیدی واربرٹنی

ابو شاھد ایم۔ اے

# تعارف و تبصرہ کتب

(۱)

نام کتاب: روشنی کے مینار

مؤلف: حافظ محمد ادریس

ناشر: مکتبہ ظفر، محلہ فیض آباد سرگودھا روڈ۔ گجرات

صفحات: ۲۰۸

قیمت: نو روپے صرف

"تاریخ اسلام میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے کارنامے ستاروں کی طرح جگمگا رہے ہیں۔ اور یہ حقیقت ہے کہ اسلام کا سنہری دور وہی تھا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تربیت یافتہ دنیا کو اسلام کا پیغام پہنچا رہے تھے۔ انھوں نے اسلام کی اشاعت میں کردار و عمل سے ایسا اسوہ پیش کیا جو آج بھی اس راہ کے مسافروں کے لیے قابلِ تقلید مثال ہے۔ چشم فلک نے کسی نبی کے ایسے جانثار ساتھی نہیں دیکھے جو اپنے نبی کے اشاروں پر اپنی جانیں کٹا دینا فخر سمجھتے ہوں۔ اس برگزیدہ گروہ کے بیس افراد کا مختصر تذکرہ "روشنی کے مینار" کے نام سے حافظ محمد ادریس نے مرتب کیا ہے۔ مرتب کتاب نے ان صحابہؓ کا انتخاب کیا ہے جو عام طور پر زیادہ معروف نہیں مگر ان کے کارنامے اور ان کی پاک سیرتیں حرارت ایمانی کا باعث ہیں۔ حافظ صاحب نے تحریکِ اسلامی کے ایک کارکن کی حیثیت سے ان اصحاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتوں کا مطالعہ کیا ہے اور یہی جذبہ وہ پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ یہ واقعات برائے واقعات نہیں بلکہ واقعات برائے دعوتِ عمل ہیں۔"

حافظ صاحب کی یہ ساعی قابلِ قدر ہے۔ کتاب پر اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ جناب ظفر بلوچ نے مقدمہ لکھا ہے۔



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ